لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	معطلی سید احمد وکیل برائے شہادت۔	۱ و ۲
۲	عطائے اختیارات تحصیلدار صاحب حضور تحصیل۔	۲
۳	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء

ایک مقدمہ فوجداری نمبر ۳۲ بدمعاشی کا بنام گلزاری وغیرہ ملزمان صاحب مجسٹریٹ سرسری کے اجلاس میں تھا۔ صاحب موصوف نے گلزاری ولد امیدی ملزم کی نسبت ۱۳ جون سنہ ۱۹۲۳ء کو حکم داخل ضمانت کا دیا تھا۔ ملزم مذکور کی طرف سے ایک ضمانت نامہ ڈلو ولد کلو باغبان ساکن بھوالی پور کے نام سے اجلاس صاحب مجسٹریٹ سرسری میں پیش ہو کر شناخت

سید احمد وکیل تصدیق ہوا مگر بعد کو معلوم ہوا کہ وہ ضمانت نامہ نہ ڈلو مذکور نے لکھوایا تھا اور نہ آسنے پیش کیا تھا۔ بلکہ وہ ضمانت نامہ سالگ عرف سگگا پسر گگاری ملزم نے ڈلو مذکور کی طرف سے لکھوا کر پیش کر دیا۔ اور خود بشناخت سید احمد وکیل تصدیق کرادیا تھا چونکہ اس جعلی کارروائی پر سالگ عرف سگگا مذکور پر مقدمہ فوجداری قایم ہو کر سزا ہوگئی اور سید احمد وکیل جنہوں نے غلط شناخت کرائی تھی آنسے جواب لیا گیا کہ اُنھوں نے کیوں ایسی کارروائی کی جو پیشہ وکالت کے خلاف تھی۔ وہ تسلیم کرتے ہین کہ قصور ہوا۔ مگر کہتے ہین کہ جانکر کارروائی مین شریک نہین ہوا ہون بلکہ گواہان حاشیہ کے اطمینان پر ایسا کیا ہے۔ اُنکا جواب لایق اطمینان نہین ہے۔ وہ گگاری ملزم کے وکیل تھے اور سالگ گگاری کا لڑکا ہے اس سے شبہ اُنکی جانب معقول ہوتا ہے اور بہر نوع باوجود نہ معلوم ہونے کے غلط شناخت کر دی یہ خود مگر وہ خلاف پیشہ حرکت ہے۔ لہذا اس معاملہ سے چشم پوشی نہین کیجا سکتی ہے۔ مگر چونکہ وہ آیندہ کے لیے وعدہ کرتے ہین کہ مین بہت احتیاط سے کام کرونگا۔ لہذا سید احمد وکیل صرف تین ۳ مہینے کے لیے معطل کر دئے جاتے ہین

اور اُنکو آگاہ کیا جاتا ہے کہ جن مقدمات مین وہ وکیل ہین اُنکی بابت اپنے موکلان کا اطمینان کر دین خواہ رقم محنتانہ واپس دین یا اُنکے مقدمات کی پیروی کا انتظام کرائین اور کوئی شکایت اس امر مین ہمارے پاس نہ آئے

بنا برآن حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل اس حکم کی درج گزٹ کیجائے۔

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اختیارات

۱۹؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء

حافظ اسد علی خان صاحب تحصیلدار حضور تحصیل کو بغرض تصفیہ مقدمات جوڈیشل صیغہ دیوانی مین اختیارات منصف اور صیغہ فوجداری مین اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم دئے گئے۔

سرکاری پریس ریاست مین چھپکر شائع ہوا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ لغایت ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	•	۷۰ ار	•	۷ ار	•	۸ ار	حضور تحصیل۔ ملک۔ سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	•	۱۴ ار	•	۱۴۰ ار	•	۱۴ ار	
نخود کسرہ آمیز	•	۱۶ ار	•	۱۶ ار	•	۱۶ ار	
کسرہ	•	۱۸ ار	•	۱۸ ار	•	۱۸ ار	
ماش	•	•	•	•	•	۷۰ ار	
مونگ	•	•	•	•	•	۸ ار	
مکا	•	۱۴ ار	•	۱۶ ار	•	۱۴ ار	
جئی	•	•	•	۱۷۰ ار	•	۱۶ ار	
گوجئی	•	•	•	•	•	۱۲ ار	
عدس	•	•	•	•	•	۱۳ ار	
ارہر	•	•	•	•	•	۱۲ ار	
برنج	•	۶ ار	•	۵ ار	•	۵۰ ار	
روغن زرد	•	۰ ار	•	۷۰ چھٹانک	•	۷۰ چھٹانک	
روغن سیاہ	•	۱۰ ار	•	۱۰ ار	•	۲ ار	
روغن کنجد	•	۱ ار	•	[illegible]	•	۱ ار	
نمک سانبھر	•	۷ ار	•	۷ ار	•	۷ ار	
نمک لاہوری	•	۷ ار	•	۵ ار	•	۷ ار	
قند سیاہ	•	۴ ار	•	۴۰ ار	•	۴ ار	
باجرہ	•	•	•	•	•	•	